
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے | نومبر12, 2024

# وہ پاکستانی جن کو ننھیال یا ددھیال سے پیار نہیں ملا: ہر 5 میں سے 1 پاکستانی کا ماننا ہے کہ اُن کو اپنے ننھیال یا ددھیال سے پیار نہیں ملا ہے ۔

خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں اس حوالےسے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی(25% )۔






بعض لوگوں کو اپنے ددھیال سےزیادہ پیار و محبت ملتا ہے جبکہ بعض لوگوں کو اپنے ننھیال سے زیادہ پیار و محبت ملتا ہے ۔ آپ کے خیال میں آپ کو سب سے زیادہ پیار و محبت اپنے ددھیال سےملا ہے ،اپنے ننھیال سے ملا ہے، دونوں سے یا کسی سے بھی نہیں؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

معاشرتی رویے

## وہ پاکستانی جن کو ننھیال یا ددھیال سے پیار نہیں ملا: ہر 5 میں سے 1 پاکستانی کا ماننا ہے کہ اُن کو اپنے ننھیال یا ددھیال سے پیار نہیں ملا ہے۔ خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں اس حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی (25%)۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 12 نومبر، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 1 پاکستانی کا ماننا ہے کہ اُن کو اپنے ننھیال یا ددھیال سے پیار نہیں ملا ہے۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ خواتین (25%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (25%) میں اس حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"بعض لوگوں کو اپنے ددھیال سے زیادہ پیار و محبت ملتا ہے جبکہ بعض لوگوں کو اپنے ننھیال سے زیادہ پیار و محبت ملتا ہے۔ آپ کے خیال میں آپ کو سب سے زیادہ پیار و محبت اپنے ددھیال سے ملا ہے، اپنے ننھیال سے ملا ہے، دونوں سے یا کسی سے بھی نہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 18% جوابدہندگان کے مطابق اُن کو سب سے زیادہ پیار و محبت اپنے ''ننھیال'' سے ملا ہے، 15% جوابدہندگان کے مطابق اُن کو سب سے زیادہ پیار و محبت اپنے ''ددھیال'' سے ملا ہے، 45% جوابدہندگان کے مطابق اُن کو ننھیال اور ددھیال ''دونوں'' سے پیار و محبت ملی ہے، تاہم 22% جوابدہندگان کے مطابق اُن کو اپنے ننھیال اور ددھیال کسی سے بھی پیار و محبت نہیں ملی۔

***" بعض لوگوں کو اپنے ددھیال سے زیادہ پیار و محبت ملتا ہے جبکہ بعض لوگوں کو اپنے ننھیال سے زیادہ پیار و محبت ملتا ہے۔ آپ کے خیال میں آپ کو سب سے زیادہ پیار و محبت اپنے ددھیال سے ملا ہے، اپنے ننھیال سے ملا ہے، دونوں سے یا کسی سے بھی نہیں؟"***





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** مرد حضرات (19%) کی نسبت خواتین کی زیادہ (25%) شرح کا یہ ماننا ہے کہ اُن کو اپنے ننھیال یا ددھیال سے پیار نہیں ملا ہے، خواتین اور مرد حضرات میں اپنے ننھیال یا ددھیال سے پیار نہ ملنے کے حوالے سے شرح میں 6% کا فرق دیکھنے میں آیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی – شہری علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی 9% زیادہ شرح نے اپنے ننھیال یا ددھیال سے پیار نہ ملنے کے حوالے سے بتایا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1089 خواتین اور مرد حضرات سے 12th ستمبر تا 11th اکتوبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 12th November 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll 2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)